دوئ، زه دا نه وایم چې حکومت ورکنګ ګروپ د بهر نه راوستو، دوئ به په غلط نیت نه وی راوستې خو که د دې صوبې سټیک هولډرز د کیبنټولی وے او نن نهمه، اتمه میاشت ده نو دا پوسټونه چې څومره خالی دی، دا چې مونږ سروس سټرکچر ورکړے وے، زه په ګرنټئ سره دا خبره کوم چې دا کار که ډیپارټمنټ ډیر ټائم هم اخستو، په دی باندې دوه میاشتې سپیکر صاحب! لګیدلې وې، یو طرف ته به د ډسټرکټ کیډر پوسټونه خالی شوی وو او بیا د 2011 د ایکټ لاندې پی اے سی چې ده، دا Hundred percent د یونین په Basis دی بیا مونږ د هغې د پاره Qualification مونږه Enhance کړے وو **انټری** / این ټی هم باره سکیل کښې وه، زه دا ګنړم چې یو خو دا معیار چې دے، هغه به برقرار پاتې شوے وو او بل طرف ته د استاذانو چې کوم کمے وو، هغه به برابر پاتې شوے وو۔ سپیکر صاحب! مونږ د بهر نه دا خبره واؤریده چې هغه وخت لاړو نوے حکومت راغلو، نوی حکومت دا اعلان وکړو چې هغه وخت لاړو چې غریب ماشوم چې دے، دا به د یو نظام تعلیم د لاندی سبق وائی او د مالدار بچے چې دے، دا به د بل نظام تعلیم او د نصاب تعلیم د لاندی سبق وائی۔ نو آته میاشتې وشوې بیا به مونږه د حکومت نه دا تپوس هم وکړو، په ډیره بخښنه سره چې آیا په هغه نظام کښې څومره بهتری راغله او یا هغه د هغه نظام د بهترئ د پاره چې دلته د حکومت د طرف نه خپله اعلان شوے وو چې په درې، څلورو میاشتو کښې به د دې هاؤس ټول ممبران چې دی، دا تبدیلی چې ده یا دا بدلون چې دے، دا به په خپلو سترګو وګوری نو مونږ ته خو کم از کم هغه بدلون په سکولونو کښې د نظام په حواله، د نصاب په حواله په نظر رانغلو، حکومت مونږ ته دا خبره وکړه چې د هغې د پاره څه شوی دی خو یو کار وشو چې ټوله دنیا کښې دا یو مسلمه بین الاقوامی حقیقت دے چې د ټولې دنیا Medium of instructions چې دے، هغه مورنئ ژبه ده، سپیکر صاحب! که مونږ یو طرت ته دا خبره کوؤ چې د مغرب د غلامئ نه ځان آزادوؤ، کچکولونه ماتوؤ نو بیا نن چې حکومت کومه فیصله کړې ده چې د KG نه دوئ وائی چې Medium of instructions چې دے، دا به انګریزی وی، دا به مورنئ ژبه نه وی نو بیا مونږ دا تپوس کولے شو چې آیا دا انګریزی چې ده، دا د دې وطن د بچو مورنئ ژبه ده او که دا د دې وطن د بچو مورنئ ژبه

نه ده نو بیا مونږ د دنیا په هغه ترقي یافته او په هغه ترقي پذیر ملکونو، د ترقي یافته نوم نه ځکه سپیکر صاحب! دا وخت که مونږ یورپ ته وګورو یا مونږ امریکې ته وګورو، که مونږ خپل ګاونډی ملک بنګله دیشن ته وګورو یا مونږ هندوستان ته وګورو یا مونږ چائنا ته وګورو یا مونږ ایران ته وګورو یا مونږ افغانستان ته وګورو نو نن دې ته کتل پکار دي چې د هغوی تعلیمي Ratio چې ده چې هغه نن 80 plus ده، هغه 90 plus ده، آیا هغه په مورنۍ ژبه کښې ده که هغه په انګریزۍ ژبه کښې ده؟ سپیکر صاحب! مونږ دا هم اوریدلي وو چې حکومت اعلان کړے وو چې د یکم مارچ نه به یو شان نصاب تعلیم وی نو آیا مونږ نن دا تپوس کولے شو چې په دې صوبه کښې څومره مدرسې دي یا په دې صوبه کښې څومره پرائمری تعلیمي ادارې دی نو که زه غلطیږم نه نو نن دریم مارچ دے، دریم، یا که حکومت مونږ ته دا خبره هم وکړه چې د یکم مارچ نه اعلان شوے وو، آیا هغې ته څومره عملی جامه واغوستولې شوه او هغه نصاب چې د اتلسم ترمیم نه مخکښې سپیکر صاحب! دا فیډرل سبجیکټ وو او د اتلسم ترمیم نه پس دا پراونشل سبجیکټ شو، آیا نن مونږ دا تپوس کولے شو چې هغه Curriculum چې د هغې زمونږ په حکومت ډائریکریټ چې کوم دے، هغه Declare شوے وو، 154 ټائټل داسې وو چې هغې باندې Revival شوے وو او دا Revival داسې وو چې مونږ په اخباراتو کښې اشتهارات ورکړی وو او د دې صوبې سکالر ایجوکیشنسټ علماء کرام، استاذان څومره سټیک هولډرز چې وو، دا مونږ Invite کړی وو چې مونږ وئیل چې په دې نصاب کښې که هسټری ده، که اسلامیات دے، که معاشرتي علوم دے، که تاریخ دے، که سائنس دے چې هغه ټول مضامین چې دی، د هغې Revision وکړو او د هغې هغه Revival وکړو۔ سپیکر صاحب! په دې اته میاشتو کښې په ایجوکیشن ډیپارټمنټ کښې درې سیکرټریان بدل شو، بیا مونږ دا خبره هم اوریدلې وه چې د پوسټنګز او د ټرانسفرز د پاره به یوه پالیسي چې ده، هغه به جوړیږی۔ دا حکومت مونږ ته دا خبره هم وکړه چې آیا دومره زر زر دا دومره لوئے ګریډ افسران بدلول چې دی که چرې دا د دې صوبې په مفاد کښې وی نو مونږ ئے ملګری یو او که دا د صوبې په مفاد کښې نه وی سپیکر صاحب! دا څیزونه لږ

Avoid کول پکار دی۔ سپیکر صاحب، بخښنه غواړم، مونږ د ډائریکټریټ آف کریکولم ریجنل لینګویجز اتهارټی، د ماشومانو خبره ما وکړه، مونږ 'ستوری د پښتونخوا' یو پروګرام آغاز کړے دے، که حکومت مونږ ته دا هم اووائی چې 'ستوری د پښتونخوا' د پروګرام څه پوزیشن دے څکه چې ډیره لویه بدقسمتی دا ده چې مونږ دلته د باچا خان په نوم باندې هنر مند روز ګار سکیم کهلاؤ کړو، بیا مونږ وکتل چې دې حکومت هغې له نوم بدل کړو سپیکر صاحب! نن مونږ دا هم غواړو چې روښانه پښتونخوا پروګرام مونږ آغاز کړے وو څنګه چې په پنجاب کښې Orchard Scheme وو خو زمونږ سکیم چې وو، د روښانه پښتونخوا په نوم باندې وو او دا د هغه ضلعو د پاره وو، د هغه یونین کونسلو د پاره وو چې په کوم ځائې کښې به په هائی لیول باندې به ډراپ آؤټ کیدو۔ ماته د ټائم احساس دے سپیکر صاحب! او که یو دوه منټه د نور را کړل۔۔۔۔

جناب سپیکر: ستاسو ملګری نور هم ډیر پاتې دی څکه د رته وایم چې زر ئے ختم کړه نو هغوی ته هم۔۔۔۔

جناب سردار حسین: صحیح ده سپیکر صاحب! صحیح ده، ستاسو به نن اومنم، نن وزیراعلیٰ صاحب هم ناست دے، هغوی له به ټائم ورکړو۔ سپیکر صاحب! مونږ د روښانه پښتونخوا په حواله باندې سکولونو ته د بنیادی سهولیاتو په حواله باندې یا که زه نن دا تپوس وکړم چې ډونرز دی، ډونرز، دا په ریکارډ باندې ده چې زمونږ په حکومت کښې Donors Funded Schemes چې وو یا ډونرز فنډز چې وو، په هغې کښې Six hundred percent increase چې دے، دا راغلے وو۔ نن به مونږ د حکومت دا هم مناسب ګڼړو چې او پښتو او که مونږ ته دا اووئیلی شو چې د هغه ډونرز چې دی، نن پوزیشن څه دے او په هغې کښې Increase څومره شوے دے یا خدائے مه کړه، په هغې کښې Decrease شوے دے، بحرحال سپیکر صاحب! زما خو ډیر زیات خواهش وو خو نن به ستاسو اومنم۔ ډیره زیاته مهربانی۔

جناب سپیکر: سردار مهتاب عباسی صاحب۔

سردار مہتاب احمد خان (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر، بہت شکریہ۔ آج بہت ہی اچھی ڈسکشن ہوئی ہے اور ایجوکیشن ایمرجنسی جو نئی حکومت کی پالیسز کا غالباً ایک بڑا بنیادی جس کو Stone کہتے ہیں، پتھر، بنیادی پتھر ہے ان کا، اس کے اوپر آج ڈسکشن ہوئی ہے اور مجھے خوشی ہے کہ ہمارے تمام ممبرز نے، کیونکہ سب ممبرز اس پر بات کرنا چاہ رہے تھے لیکن آج آپ نے Time constraint کی وجہ سے پارلیمنٹری لیڈرز نے بات کی ہے، اچھی ڈسکشن ہو رہی ہے، مجھے علم نہیں ہے کہ چیف منسٹر صاحب نے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو، ان کے سینیئر آفیشلز کو اگر ہدایت کی ہو تو آج بہت اچھی آپکو تجاویز ملیں گی، اس کے اوپر اگر وہ اپنے نوٹس میں رکھیں اور ان کو ہدایت دیں تاکہ جو یہاں ڈسکشن ہو تو وہ خالی ایک ڈسکشن کی حد تک نہ رہے بلکہ اس میں قابل عمل جو چیزیں ہیں، ان کو دیکھا جائے۔ جناب سپیکر، میں اس پر بہت زیادہ گفتگو نہیں کرنا چاہتا، میں کچھ اپنے Experience کی بناء پر اپنے Observations کی بناء پر میں بات کرنا چاہونگا کہ آج ہم دیکھتے ہیں کہ نہ صرف ہمارے صوبے میں بلکہ پورے ملک میں حقیقت یہ ہے کہ جو سرکاری سکولز ہیں، ان کی جو Performance / Efficiency ہے، وہ بڑی تشویشناک حد تک گرچکی ہے اور اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ نہ صرف آج بلکہ ماضی میں بھی تمام حکومتوں نے اپنے اپنے وقت میں بہت اس کے اوپر نہ صرف فنڈنگ کی ہے بلکہ اس کی اصلاح کرنے کی کوشش ضرور ہوتی رہی ہے لیکن اگر مجھے اس بات کو کہنے دیں آپ مسٹر سپیکر! کہ حقیقتاً یہ تمام کوشش جو ہیں، وہ ساری ناکام ہوئی ہیں اور ہر ایک تجربے سے گزرنے کے بعد ہم Further experimentation کرتے گئے تو Ultimately حالات بڑے تشویش کی حد تک جاچکے ہیں کہ آج بھی اتنی بڑی Investment کے باوجود جو Public Sector Public Schooling System ہے، وہ بہت بری طرح ناکام ہے، اس کے مقابلے پر ہم دیکھتے ہیں کہ ہر جگہ پر پرائیویٹ سیکٹرز سکولز ہیں اور اب ایسے سکولز بھی ہیں کہ جن کی بڑی Monopolization ہے پورے ملک میں ان کے کیمپسز جو ہیں، وہ میں نے غالباً ایک دفعہ پہلے بھی بات کی تھی، سینکڑوں کی تعداد میں ان کے کیمپس ہیں اور وہ ایک انڈسٹری کی شکل اس نے اختیار کرلی ہے لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی ہمیں ماننا پڑیگا، انہوں نے اس کے اوپر توجہ دی ہے، اپنے نہ صرف سکولز سسٹم کے اندر، اپنی جو ٹیچرز سلیکشن ہے، ٹیچرز ٹریننگ پروگرامز ہیں اور اپنی سکول بلڈنگز ہیں، Curriculum کے اندر،

ہر چیز میں توجہ دی ہے تو آج وہ ایک بڑی شکل اختیار کر گئے ہیں گو کہ میں اس پر اپنا Reservation رکھتا ہوں کہ کسی بھی ایک ادارے کو کسی انسٹی ٹیوشن کو کسی فیلڈ میں بھی Monopoly جو ہے، چاہے وہ Banking میں ہے، چاہے وہ انڈسٹری میں ہے، چاہے Shooling میں ہے، ہاسپٹلز میں Monopoly جو ہے، وہ Ultimately it`s an evil تو میں اس کے حق میں تو نہیں ہوں بالکل But I am not talking on that subject at the moment، میں بات صرف یہ کہنا چاہ رہا ہوں، جناب سپیکر! I will just make some suggestions to the honourable Chief Minister and to his team کہ وہ اس پر غور کر لیں، میں اپنی جو بات کرونگا اپنے Observation کی بنیاد پر، میں نہیں چاہتا کہ وہ میری بات کو تسلیم کریں، میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ آپ ان کے اوپر غور کریں، اس کو ضرور Consideration میں لے کر آ جائیں، اگر آپ کے ہاں کوئی Think tank ہے، اگر آپ کے ہاں کوئی لوگ ایسے موجود ہیں جو فکر مند بھی ہیں اور کچھ کام کرنے کیلئے اپنا Passion بھی رکھتے ہیں تو یہ کام ان کو دے دیں، اس پہ غور کر لیں۔ جناب سپیکر، میں اپنے تجربے کی بات کر رہا ہوں کہ ہمارے پراونس میں اس وقت تقریباً 25 ہزار کے قریب پرائمری سکول سے لے کر مڈل، کیا کہتے ہیں اس کو؟ ہائر سیکنڈری سکول اور ہائی سکولز ہیں، یہ 25 ہزار کے قریب ہوں گے، یہ 28 ہزار پلس ہیں، ابھی انہوں نے میری تصحیح کر دی ہے کہ یہ 28 ہزار پلس ہیں۔ جناب سپیکر، دنیا میں چاہے آپ جتنے بھی اچھے ہوں، کتنا ہی آپ کا حکومتی نظام Effective کیوں نہ ہو، آپ مجھے 28 ہزار سکولوں کا مینجمنٹ سسٹم جو ہے، وہ مجھے بتا دیں تو میں نہ صرف اس کا مرید ہو جاؤں گا بلکہ میں چاہوں گا کہ میں اس کا شاگرد بن جاؤں اس کا۔ There is no possibility of managing 28000 schools under one system، کوئی ممکن نہیں ہے اور میں بھی اس بات کا، مجھے اعتراف بھی ہے جناب سپیکر! کہ سارے ماضی میں Number of schools کو Add کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور وہ Number of schools کیا ہے؟ دو کمرے اور ایک چھوٹا سا ورنڈا اور دو سکول ٹیچر ز اور حقیقت یہ ہے کہ زیادہ تر سکول جو بنے ہیں، وہ ایک یا دو چپڑاسی جو ہیں نا، وہ نائب قاصد، ان پوسٹوں کیلئے بھی ہم نے سکول بنائے ہیں Two rooms schools تو جو یہ۔ This is fact ! سپیکر صاحب There may be

سکولز نہیں ہیں، تو میں آپ کو تجویز دینے لگا ہوں اور buildings but they are not schools، یہ بات ہو چکی ہے جرمنی میں، کہ ہمارے جیسے حالات سے وہ گزرے تھے اور ان کے ہاں بھی بڑی تعداد میں غالباً 18 ہزار سکول تھے ایک زمانے میں، تو انہوں نے اس کو Review کیا، انہوں نے اس کو Review ایسے کیا، پورے اپنے سکول سسٹم کو دیکھا اور ان کو Relocate تو نہیں کیا لیکن The selected number of schools they reduced them، ان کی تعداد کم کر دی اور پھر سکولز کو انسٹی ٹیوشنز کے طور پہ Develop کیا۔ We are making only two rooms school building اور دو ٹیچر جو کبھی حاضر ہوں نہ ہوں، ان کی مرضی ہے، ان کو پوچھنے کا بھی کوئی انتظام ممکن نہیں ہے کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اس کے اوپر، جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ ذرا چاہوں گا کہ تمام ممبرز کو ذرا اگر Warn کر دیں، I just want the attention of all (Members of) the House, there is a disturbance now.

جناب سپیکر: شاہ فرمان صاحب، آپ پلیز بیٹھ جائیں، آپ پلیز بیٹھ جائیں۔

قائد حزب اختلاف: تو جناب سپیکر، میں چاہ رہا تھا کہ یہ ذرا اہمیت کی بات ہے، ہم سب درد مندی سے بات کرنا چاہ رہے ہیں، تو میں یہ تجویز کروں گا کہ یہ 28 ہزار سکولوں کے بارے میں آپ غور کر لیں کہ کتنے سکولوں کو ہم Manage کر سکتے ہیں، The number of schools have to be reconsidered، ان کو دوبارہ دیکھنا ہو گا اور جرمنی میں یہ انہوں نے کامیابی سے کیا ہے، انہوں نے اپنے سکول سسٹم کو Improve کیا ہے۔ آپ کے پاس Reasons موجود ہیں کہ پچھلے بیس پچیس سالوں میں There has been a good size of relocation from the rural area to the urban area جو Relocations بھی ہوئی ہیں، اس کی وجہ سے بھی اربن ایریا میں Population has increased whereas the rural area population has come down تو یہ Demographic changes کہیں، بلکہ شاید آج ہمارے ہاں ادھر اسی پراونس میں بھی ہے، 40 اور 60 کا Ratio زیادہ آئی ہوں، I would suggest کہ ایک آپ اپنی ٹیم بنالیں اور سکولز کو، کچھ کو ہمیں چھوڑنا پڑے گا اور کچھ سکولز کو اکٹھا کرنا پڑے گا اور جب اکٹھا کریں گے تو دو کمروں کی بجائے آپ کو چار شاید بنانا پڑ جائیں، آپ کو آٹھ کمرے بھی بنانا پڑ جائیں، آپ کو دس کمرے بھی لیکن They will come

out as an institution۔اس انسٹی ٹیوشن میں جتنے بھی طالبعلم زیادہ ہوں گے،ان کیلئے اساتذہ زیادہ ہوں گے،ان کیلئے لیبارٹریز فیسیلیٹیز ہوں گی،ان کیلئے کھیلوں کا بھی بندوبست کیا جاسکتا ہے۔تو یہ میں آپ کو تجویز دینا چاہوں گا کہ پلیز Think about it کہ آپ Number of schools کو Reduce کرنے کیلئے کچھ، The second my suggestion will be کہ جو گرلز سکولز ہیں،ان کی تعداد میں اضافہ کیا جائے کیونکہ ماضی میں ہم نے زیادہ فوکس پرائمری سکولز میں اور مڈل سکولز میں بوائز مڈل سکولز اور پرائمری سکولز کو کیا ہے جبکہ بڑی تعداد میں جو بچیاں ہیں،ان کے سکولز کی تعداد ابھی بھی کافی کم ہے تو یہ اس کے اندر جانا چاہیے۔دوسری جناب! تیسری بات جناب سپیکر! یہ ہے کہ جو ہمارے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیشلز ہیں،ان کو Management of schools کیلئے They must be given new advices and new instructions، ان کو ٹیچرز Manage کرنے کیلئے، سکولز Manage کرنے کیلئے کچھ نئے نظام وضع کرنے کی ضرورت ہے اور وہ نیا نظام کیا ہوگا؟ یہ آپ اپنے تمام Experiences جو ماضی میں ہم کر چکے ہیں، جن میں زیادہ تر ناکام ہوئے ہیں،ان کو ڈراپ کرکے نئے آئیڈیاز ڈیویلپ کریں، نئی Thinking کریں لیکن جو ٹیچرز کے ساتھ Parents کی Involvement ہے،Parent Teacher meetings، ان کے Interactions کے اوپر زیادہ فوکس کرنے کی ضرورت ہوگی، میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس کے اوپر بھی توجہ دے دیں۔ایک اور بہت اہمیت کی بات ہوئی ہے جناب سپیکر! کہ خاص طور پہ، میں بڑی دردمندی سے بات کر رہا ہوں، ہمارے سکولز کے Failure کی ایک بہت بڑی وجہ جو ہے، وہ ہماری سیاسی مداخلت (ہے) اور سیاسی مداخلت کی ٹیچرز کو اور مجھے بھی ضرورت پڑتی ہے اور میرے خیال میں جتنے بھی ہم سب لوگ بیٹھے ہیں، ہمیں ان کی ضرورت بھی پڑتی ہے اور شاید ہم دیتے بھی ہوں گے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اگر ہم Political intervention کو نہ صرف Discourage کریں بلکہ اگر چیف منسٹر صاحب اور ان کی ٹیم کوئی ایسا نظام وضع کرسکے کہ Political involvement جہاں کہیں ان کو نظر آئے، اگر وہاں کوئی سخت اقدامات کرنے کی ضرورت پڑے تو یہ وقت ہے، ہمیں اپنے سکولز سسٹم کو بچانے کا کیونکہ اس کے مقابلے پہ جو پرائیویٹ سیکٹر سکولز سسٹم ہے، وہ زیادہ Flourish کر رہا ہے، اسی گاؤں کے اندر، اسی علاقے کے اندر اگر سرکاری سکول فیل ہے، اس کے

اندر Number of students reduce ہو چکے ہیں تو اس کے بالکل ساتھ ہی قریب ترین جگہ پر ایک پرائیویٹ سیکٹر سکول جو بنا ہے، وہ نہ صرف Flourish کر رہا ہے بلکہ روز بروز اس کی آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے اور اس سکول کی تعلیم میں کچھ فرق نہیں پڑتا، تعلیم وہ بھی پست دے رہا ہے لیکن چونکہ وہ پرائیوٹ سیکٹر میں ہے، اس کے اندر پھر بھی یہ Accountability system ہے تو میری تجویز ہے کہ جتنی Political interventions ہیں، اس کو ختم کرنے کیلئے آپ نہ صرف کوئی نظام وضع کریں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہم جیسے لوگوں کو Voluntarily سوچنا چاہیئے کہ ماضی میں ہم نے جتنی غلطیاں کی ہیں، ہم ان کو دوبارہ نہ دہرائیں۔ اس کے علاوہ جناب سپیکر! ہم نے بڑی کوشش کی کہ پہلے ڈسٹرکٹ لیول پر، میں پرائمری سکولز کی اگر بات کرتا ہوں تو پہلے ڈسٹرکٹ لیول پہ میرٹ سسٹم ہوتا تھا، وقت کے ساتھ ساتھ ہم نے دیکھا کہ جو اربن ایریا سے ٹیچنگ سٹاف سلیکٹ ہوتا تھا وہ رورل ایریا میں اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے سے قاصر نہیں رہتا تھا بلکہ جاتا نہیں تھا اور وہ اپنے گھر بیٹھ کر تنخواہ لیتا تھا، اس کیلئے ابھی جو آپ نے نظام وضع کیا ہے، وہ یونین کونسل Basis پہ آپ نے Competition کروایا ہے لیکن جناب! اس میں ضرور کچھ سوال پیدا ہوں گے کہ وہ یونین کونسل کے اندر جو ایک Employment ہو گی، ایک ٹیچنگ سٹاف کی بھرتی ہو گی، وہ کتنا عرصہ اس جگہ پہ کام کرے گا، کیا وہ ٹرانسفر اس کی ہو گی یا نہیں؟ تو بہت سی چیزیں ایسی ہیں کہ جس کو آپ کو Re-examine کرنا چاہیئے لیکن ایک کام آپ کو اس وقت کرنے کی ضرورت ہے کہ ہمیں ان تمام علاقوں میں جو Distant areas ہیں، Farflung areas ہیں، وہاں پہ ٹیچنگ سٹاف کو Qualitatively اچھا کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ ہماری جو بہت سی جو مائیگریشن ہے، رورل ایریا سے اربن ایریا کو، اس کی جو بڑی وجہ ہے، وہ سکولوں کا خاتمہ ہے، تباہی ہے اور تمام والدین اپنے بچوں کو شفٹ کرتے ہیں اربن ایریا میں کہ وہاں سکولز کی موجودگی ہے، وہاں ہاسپٹلز کی موجودگی ہے، اگر ہم اپنے رورل ایریا میں سکولز کو بہتر کرنے کیلئے وہاں کے مقامی اساتذہ کو تو ضرور Adopt کریں لیکن ان کے ایجوکیشن سٹینڈرڈ کو بہتر کرنے کیلئے میٹرک اور ایف ایس سی اور ایف اے کی بجائے گریجویشن کی طرف بھی ہمیں جانا چاہیئے۔ پنجاب میں انہوں نے غالباً یہ Experiment کیا ہے کہ وہاں پہ جو گریجویٹ ٹیچرز تھے، ان کو Better pay scale کے اوپر، اچھے پے سکیل کے اوپر انہوں نے Employment دی

It is beginning of a new era in their Public ہے اور ان کا جو بہت مثالی تو بنا لیکن Salary structure کریں، Improveتو اگر آپ اس کا سٹینڈرڈ Sector School System improve کریں اور ان کا Induction process جو ہے، اس کے اندر Neutrality کے علاوہ ان کی قابلیت اور صلاحیت کو زیادہ Examine کرنے کا موقع دیا جائے اور سیاسی Intervention کو Reduce کر دیا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ کچھ عرصے کے اندر ہم اپنے اس سکول سسٹم کے اندر ایک بہتری پا سکتے ہیں۔ تو جناب سپیکر! یہ میرے Observations تھے جو میں نے آپ کے سامنے رکھے ہیں اور مجھے امید ہے کہ ان کو ضرور Considerations میں لایا جائے گا اور خاص طور پہ جو میں نے پہلے بات کی تھی کہ Number of schools، جو مینجمنٹ سسٹم ہے، وہ اس لئے ناکام ہے کہ 28 ہزار سکولوں کا انتظام کرنا، اس کو Manage کرنا، ان کی Efficiency کو دیکھنا، ان کے نظام کو صحیح طرح سے پرکھنا، یہ کسی طور پر بھی ممکن نہیں، امریکہ جیسا ملک بھی ہو اور اپنے تمام وسائل بھی جھونک دے تو وہاں پر بھی یہ کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔ Thank you very much۔

جناب سپیکر: بہت مہربانی جی۔ عاطف خان صاحب۔

جناب سلیم خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: نہیں، میرے خیال میں پھر تو، سی ایم صاحب! عاطف اگر۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): میں صرف ایک دو باتیں کرتا ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا جی، سی ایم صاحب بات کرتے ہیں۔ میرا خیال ہے سی ایم صاحب! اگر عاطف وضاحت کر لے اور اس کے بعد، کیونکہ پھر مناسب نہیں ہے کہ میں اس کو بلاؤں۔

جناب وزیر اعلیٰ: میں صرف اپوزیشن کے پارلیمانی لیڈرز کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آج پولیس امن و امان پر آئی جی نے ان کو بریفنگ دی، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جو اصلاحات ہماری حکومت نے کی ہیں، اس کو انہوں نے Appreciate کیا، پھر میں نے ان کو اب دوبارہ دعوت دی ہے کہ جتنے محکموں میں جو ہم اصلاحات کر رہے ہیں، ان شاء اللہ میں ان کو دعوت دوں گا کہ جس جس محکمے میں جو Initiatives ہم لے رہے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے سامنے رکھیں گے کہ نو مہینوں میں ہم نے کیا، تو میں صرف ایک

ریکویسٹ جتنے ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں، میں چاہتا ہوں کہ عاطف خان آپ کو بہت تفصیلاً سب کچھ بتائیں گے، آپ تسلی سے سنیں تو آپ کو تسلی ہو جائے گی کہ ایجوکیشن میں ہم نے کیا اصلاحات کی ہیں اور کیا پروگرام ہے اور آگے کیسے چلیں گے؟ تو یہ نو مہینے ہم نے سو کر نہیں گزارے، ہم نے بہت کچھ کام کیا ہے لیکن اگر کسی کو نظر آیا تو آجائے گا، کسی کو نظر نہیں آئے گا، آپ کے سامنے ان شاءاللہ عاطف خان ڈیٹیل میں بتائیں گے، سکولز کے بارے میں بھی، ٹیچرز کے بارے میں، جو بھی یہاں پر مسئلے تھے کیونکہ میری تو نظروں کے سامنے تیس سال سے گزرے اور وہی چیزیں ہم نے سامنے رکھ کر اس میں ریفارمز لا رہے ہیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ آپ کو تسلی ہوگی جب ساری باتیں سن لیں گے۔

جناب سپیکر: جناب عاطف خان۔

جناب سلیم خان: جناب! مجھے موقع نہیں دیا گیا ہے، میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: ہاں، وہ موقع میں نے دیا میڈم کو، دیکھیں اپوزیشن لیڈر نے بات کی ہے، مناسب نہیں ہے، آپ کو کل موقع دیں گے۔ عاطف خان، عاطف خان صاحب۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ سپیکر صاحب، آپ کا بہت شکریہ، جتنے یہاں پہ معزز ممبران ہیں، ان کا بہت شکریہ کہ انہوں نے اتنے Important-----

جناب سلیم خان: میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: اپوزیشن لیڈر بات کر لیں، اس کے بعد مناسب نہیں لگتا ہے، ایک ڈیکورم بھی ہوتا ہے نا، طریقہ، تو میں کل اس کو ایڈجسٹ کر لوں گا ان شاءاللہ، کل ٹاپ پہ دیں گے۔ دیکھیں سلیم خان صاحب، اس طرح نہیں ہے، میں پوری کوشش کرتا ہوں، میڈم نے بات کی ہے، آپ مہربانی کریں، دیکھیں مطلب یہ ساری باتیں، اپوزیشن لیڈر نے بہت وضاحت سے بات کی ہے۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بنه جی۔ سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔ دومره Important issue ده او ډیر زیات خوشحاله هم شوم چې ډیر زیات زمونږ مطلب ټول چې دلته خومره ممبران دی، دوئ د ایجوکیشن Importance ته دغه ورکړے دے، د دوئ دا سوچ دے چې یره ایجوکیشن زمونږ هم خپل د پارټۍ د

گورنمنټ دا یو اول، زه وړومبے دا کلیئر کوم چې زه خپلې کومې خبرې کوم یا څه وایم نو هغه د دې د پاره نه وایم چې زه خپل ځان څه ډیر لوئے ثابتول غواړم او یا زاړه حکومتونه لاندې دغه کول غواړم، په دغه کښې به بالکل نه وی، د facts and figures سره به ورته خبره کوم او هیڅ داسې خبره به نه وی چې زه وایم چې زه ډیر اونچا یم او د باقی ټول نیچ دی، حقیقت باندې چې څه وایم هله به مسئلې حل کیږی هسې به نه حل کیږی۔ د هغې نه پس سپیکر صاحب! دا چې کله زمونږ حکومت راغلو نو دوئ وائی چې د پارټئ طرفه، د گورنمنټ د طرفه یو، دا مونږ بالکل کلیئر یو په دې معامله کښې چې ایجوکیشن داسې سیکټر دے که مونږ دا گڼړو چې ایجوکیشن ټهیک کولو نه بغیر به زمونږ دا ملک ټهیک شی یا به دا صوبه ټهیک شی یا به دا حالات ټهیک شی نو دا Impossible ده، په دې باندې بالکل زه پخپله کلیئر یم، پارټی پرې کلیئر ده او حکومت پرې کلیئر دے ځکه چې تر کومې پورې ایجوکیشن نه دے ټهیک شوے، په دې معاشره کښې چې کوم Fundamentalism دے، دلته چې کوم د اکانومی مسئلې دی، دلته چې کومې دا نورې مسئلې دی نو دا تر هغې پورې نشی ټهیک کیدې تر کومې پورې چې ایجوکیشن نه وی ټهیک شوے او که مونږ دا صرف یو ایجوکیشن ټهیک کړو چې کوم ډیر زیات گران کار دے، گران کار دے، حقیقت خبره دا ده خو که مونږ صرف دا ایجوکیشن ټهیک کړو نو زما خپل خیال دا دے چې ان شاء اللّٰه تعالیٰ تقریباً 80 پرسنټ مسئلې به زمونږ پخپله حل شی، دا جمهوریت به زمونږ ټهیک شی، دا اکانومی به ټهیک شی، دا هر څه به ټهیک شی خو که مونږ دا ایجوکیشن صحیح طریقې سره ټهیک کړو۔ زمونږ چې حکومت راغلو، وړومبے هم زمونږ بجټ چې کوم وو، بابک صاحب ناست دے، دوئ ته د پورا ډیټیل پته ده چې کوم به ډیویلپمنټل بجټ وو، هغه به ټوټل نهه اربه روپئ وو، کوم چې د دې ایجوکیشن سسټم د پاره دا چې کوم نظام دے، د هغې د پاره ډیر کم وو۔ مونږ خپل Total overall budget د 66 بلین نه، د 66 ارب روپو ته بوتلو85 ارب روپو پورې چې مونږ وئیل چې دا کوم ضروریات دی، دا پکښې پورا شی۔ ډیویلپمنټل بجټ مونږ د 9 ارب روپو نه 23 ارب روپو ته بوتلو، دا یو ډیر لوئے Jump وو چې په دې موجوده حالاتو کښې ډیر لوئے دغه Priority په حساب سره

وایم چې حکومت یو خپل دغه وکړو، کوشش ئے وکړو چې دومره لوئے Jump ئے ورکړو۔ د هغې نه پس مونږ ورکنګ ګروپس جوړ کړل، بی بی هم د هغې حصه وه او په هغې کښې مختلف Proposals راغلل، مختلف وخت سره هغوی خپل Proposals ورکړل۔ د هغې نه پس په هغې باندې Implementation شروع شو، چې Implementation شروع شو نو مونږ دا وګنړله ښنګه چې دوئ اووئیل چې پچیس لاکھ ماشومان، اول خو به زه تاسو له ئے Magnitude اووایم چې کیدې شی چاته دغه نه وی، زمونږ په دې صوبه کښې ساړهې اتهائیس هزار سکولونه دی، په هغه ساړهې اتهائیس هزار سکولونو کښې تقریباً چالیس لاکھ ماشومان دی او څه تقریباً ډیړھ لاکھ نه لږ کم ټیچرز دی او تقریباً دوه لکھه د ایجوکیشن ډیپارټمنټ ایمپلائز دی۔ دا دومره لوئے یو Magnitude دے، یو دومره لویه اداره ده او دومره لوئے نظام دے چې که څوک دا ګنړی، دا به په شپږ میاشتې کښې یا اته میاشتې چالیس لاکھ ماشومان ټول قابلان شی یا دا یو نیم لاکھ ټیچران ټول ټهیک شی-----

جناب سپیکر: عاطف خان! میں گزارش، اگر اردو میں آپ بولیں تو یہ مہربانی ہو گی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اچھا ٹھیک ہے۔ میں صرف یہ Magnitude کا آپ لوگوں کو بتا رہا تھا کہ اتنا بڑا محکمہ ہے، اتنا بڑا Magnitude ہے، کسی کا یہ خیال نہ ہو کہ جی یہ چھ مہینے میں یا آٹھ مہینے میں یہ چالیس لاکھ بچے، یہ ڈیڑھ لاکھ ٹیچرز یہ اٹھائیس ہزار سکولز سارے ٹھیک ہو جائیں گے تو یہ Practically impossible ہے۔ یہ حقیقت ہے، مطلب جب تک میں مانتا ہوں کہ بہت بڑا مسئلہ ہے اور ہمارا جو کام شروع ہوا تھا، وہ جس طرح سی ایم صاحب نے کہا کہ یہ نہیں کہ کام نہیں ہو رہا، کام میں بے شک دیر سویر ہوئی ہے، سرکاری کاموں میں مسئلے ہوتے ہیں، وہ ہم اس طریقے سے اس Pace سے نہیں کر پائے جیسے ہمارا ارادہ تھا یا جیسے ہم کرنا چاہتے تھے، بی بی نے یہ پوائنٹ آؤٹ کیا کہ پچیس لاکھ بچے سکول سے باہر ہیں، اس کیلئے ہم نے پلان کیا کہ Enrolment، ان بچوں کو سکولوں میں لایا جائے، تقریباً کوئی تین لاکھ بچے Enroll ہوئے، کچھ ہی عرصے میں کوئی تین مہینے کے اندر اندر ہم نے تین لاکھ بچے سکول میں نئے Enroll کئے، ہم مزید بھی کرنا چاہتے تھے اور مزید اس Campaign کو بڑھانا بھی چاہتے تھے لیکن پرابلم کیا ہوا کہ سکولوں میں Capacity نہیں تھی، Already جو سکولز ہیں، اس میں ابھی بھی تقریباً، جو

موجودہ سکولز ہیں، اس میں دس ہزار کمروں کی اور Requirement ہے، Already جو سکولز ہیں، اس میں ایک ایک کمرے میں آپ لوگ سارے اپنے حلقوں میں جاتے ہوں گے، ایسے سکولز جن میں پچاس پچاس، ساٹھ ساٹھ، ستر ستر بچے ہیں ایک کلاس میں، Idealy چالیس سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں، تو ہم اگر مزید اس میں Enrolment کرتے رہیں تو اس پہ پھر مسئلہ بنتا تو اس واسطے تھوڑا رو کا کہ ہم ساتھ ساتھ کمرے بنائیں، ساتھ ساتھ سکولز بنائیں۔ ہم نے Enrolment campaign شروع کی، پھر اس کے بعد جو ہمارا Basic structure ہے، وہ ہے Two rooms کا، پرائمری سکولز جو ہوتے ہیں، اس میں دو کمرے ہوتے ہیں اور دو ٹیچرز ہوتے ہیں، ابھی Practically، آپ لوگ بھی جاتے ہیں، میں بھی گیا ہوں، ان دو کمروں میں چھ کلاسوں کو پڑھانا کیونکہ بچے ہوتے ہیں سارے، میں جاتا ہوں، باہر بٹھایا ہوتا ہے، جی کیوں باہر بٹھایا ہوا ہے؟ وہ جی یہ باقی بچوں کو، ہم کلاس تھری کو پڑھا رہے ہیں، وہ کلاس ون والوں کو پڑھا نہیں رہے کیونکہ ٹیچر ایک ہی ہے اس میں، یہ شور کرتے ہیں تو ہم ان کو باہر بٹھا دیتے ہیں۔ تو اس واسطے ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ ہم ان شاءاللہ تعالیٰ Next year سے جتنے بھی سکولز بنائیں گے، ہم Per school جو ہو گا، وہ چھ کمروں کا بنائیں گے، دو کمروں کا نہیں بنائیں گے ان شاءاللہ تعالیٰ (تالیاں) اس کے بعد ہم نے جو پوائنٹ آؤٹ ہوا یہاں پہ فی میل ایجوکیشن کا، فی میل ایجوکیشن، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ لڑکوں کی تعلیم بھی بہت ضروری ہے لیکن ساتھ لڑکیوں کی تعلیم بھی بہت ضروری ہے کیونکہ انہوں نے آگے فیملی پوری چلانا ہوتی ہے اور ایک لڑکی کو تعلیم دینا ایسا ہے کہ وہ آگے سارے بچوں کی اس نے پرورش کرنی ہے، اس نے سارا اس کو پڑھانا ہے تو ہم نے فی میل اس کیلئے، ابھی جتنے بھی سکولز بن رہے ہیں نئے، جس طرح یہاں پہ ذکر بھی ہوا، ان شاءاللہ تعالیٰ 70 پرسنٹ سکولز لڑکیوں کے بنیں گے اور 30 پرسنٹ سکولز لڑکوں کے بنیں گے، یہ ہم نے فی میل ایجوکیشن کیلئے (تالیاں) ایک بڑا زبردست Step اٹھایا ہے۔ اس کے علاوہ ہم نے فی میل سپروائزر جو ہیں، جو Backward districts ہیں، اس میں چونکہ فی میل سپروائزرز کو بہت پرابلم ہوتا ہے، جاتی نہیں ہیں تو ہم نے اس میں 50 پرسنٹ ایکسٹرا الاؤنس دیا ہے، فی میل سپروائزرز کو جو Backward districts ہیں تاکہ ان کو ایک Incentive ملے، فی میل سپروائزرز وہاں پہ جائیں اور ان کو ہم Facilitate کر سکتے ہیں، Incentive دے سکیں تو ان کو 50 پرسنٹ ایکسٹرا اسیلری ملے گی تاکہ

وہاں پر اچھی 'سپر ویژن' ہو سکے۔ اس کے علاوہ جو دو Backward districts ہیں، سب سے زیادہ اس میں بارہ سو سے لیکر دو ہزار روپے تک Monthly ہم Stipend دیں گے بچیوں کو تاکہ اس میں Enrolment زیادہ ہو اور بچیاں مزید سکولوں میں پڑھنے کیلئے آئیں اور ان کی Retention ہو اس سے، تو بارہ سو سے لیکر دو ہزار روپے تک ان شاءاللہ ان بچیوں کو ملیں گے۔ جو اس کی بات ہوئی کہ جی ٹیچرز نہیں آتے، تو نمبر ون اس میں پرابلم تھا، پرابلم یہ تھا کہ ٹیچرز تھے کم، Vacancies تھیں لیکن جو Initial recruitment کا اور پھر اس کے بعد پبلک سروس کمیشن کے تھرو ایک پراسیس تھا، وہ بہت لمبا تھا، تو ہماری حکومت جب آئی، اس وقت بھی بارہ ہزار کی کمی تھی، وہ ساتھ جو اتنا عرصہ گزرا، وہ چودہ ہزار تک پہنچ گئی تو ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ اس کو ایڈہاک پہ بھرتی کر کے، بچوں کے پاس ٹیچرز نہیں ہیں اور جو 'ینگ' لوگ ہیں، لڑکے ہیں لڑکیاں ہیں، وہ بے روزگار پھر رہے ہیں تو ہم نے یہ سوچا کہ اس وقت رولز اینڈ ریگولیشنز اگر اس میں ٹائم لگتا ہے تو اس کو ساتھ ساتھ چلاتے رہیں گے لیکن ہم نے ایمرجنسی Basis پہ، Adhoc basis پہ، ہم نے کہا کہ ایڈہاک ہو، بے شک ڈیلی ویجز پہ ہو لیکن جس بچے کا ٹیچر نہیں ہے، اس کو ٹیچر Available ہونا چاہیے اور جن Youth کا روزگار نہیں ہے، ان کو روزگار Available، اس واسطے ہم نے ایڈہاک Adhoc basis پہ وہ پراسیس شروع کیا ہے اور وہ ان شاء اللہ تعالیٰ Next مہینے میں وہ پراسیس شروع ہو جائے گا، تقریباً آٹھ ہزار نوے ٹیچرز کی جو بھرتی ہے، وہ پوری ہو جائے گی ان شاءاللہ تعالیٰ فرسٹ فیز میں۔ اس کے علاوہ ان کی جب Recruitment ہو جائے گی پھر پروموشن ہو گی، جو اس کے نیچے جو وہ پوسٹ خالی ہو گی تو چھ ہزار مزید ان شاءاللہ تعالیٰ Next three months میں وہ بھی بھرتی ہو جائیں گے۔ تو یہ جو پرابلم آپ بتا رہے ہیں کہ جی ہمارے سکول ٹیچرز نہیں ہیں، وہ Vacancies ہیں لیکن ٹیچرز ہیں نہیں، وہ ان شاءاللہ تعالیٰ پورے ہو جائیں گے۔ اس کے بعد دوسرے نمبر پہ آتا ہے، یہ جو پرابلم ہے کہ ٹیچرز حاضری نہیں کرتے، بے شک پرابلم ہے، اتنے دور دراز علاقے ہیں، 28 ہزار، انہوں نے ابھی ذکر کیا عباسی صاحب نے کہ 28 ہزار جگہوں کو Manage کرنا، ان کو Properly دیکھنا بہت ایک مشکل کام ہے، اس کیلئے ہم نے مانیٹرنگ یونٹ ایک بنایا ہے جس کیلئے تقریباً کوئی پانچ سو مانیٹرز 'انڈیپنڈنٹ' مانیٹرز بھرتی ہوئے ہیں اور ان کے پاس پورا ایک سسٹم ہو گا، سمارٹ فون ہو گا، اس کی Presentation ہوئی ہے

اور وہ ان شاء اللہ تعالیٰ Within next week or ten days اپنا کام شروع کر دیں گے۔ Unofficially انہوں نے شروع کر دیا ہے لیکن Proper launch اس کا ہوگا، Within week or ten days وہ شروع ہو جائے گا، وہ ہر سکول میں جائیں گے، ہر سکول میں جائیں گے، ان کا اور کوئی کام نہیں ہوگا۔ ڈی ای او کا پرابلم یہ ہوتا ہے کہ ڈی ای او کے پاس ایڈمنسٹریٹو مسئلے بھی ہوتے ہیں، ایک ایک ڈی ای او کے پاس دو دو ہزار سکول ہوتے ہیں، اس کے پاس ہزاروں کی تعداد میں ٹیچرز ہوتے ہیں تو Practically اس کیلئے پرابلمز ہوتے ہیں کہ اس نے اور کام بھی کرنا ہوتا، یہ مانیٹر جو ہے ان کا اور کوئی کام نہیں ہوگا، یہ صرف سکولوں میں جائیں گے اور یہ مانیٹرنگ کریں گے اور مانیٹرنگ کیسے کریں گے ؟ ان کے پاس ایک سمارٹ فون ہوگا، یہ لوکیشن پہ جائیں گے جو ہمارے پاس اس کا ایجوکیشن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم ہے، سارا اس میں Geo coordinates ہیں، وہاں سے لوکیشن سے جائے گا۔ وہاں پہ سکول کی انٹری کرے گا اور اس پہ پورے سکول کی ڈیٹیل آئے گی۔ پھر ان کے پاس ایک چیک لسٹ ہو گی کہ جی سکول میں ٹیچر ہے کہ نہیں ہے، سکول میں باؤنڈری وال ہے کہ نہیں ہے، سکول میں فرنیچر ہے کہ نہیں ہے، اور وہیں سے وہ ڈائریکٹ Mail کرے گا اور وہ ادھر صوبے میں جو ہمارا پشاور میں سیکرٹریٹ ہے وہاں پہ پوری انفارمیشن آئے گی۔ اس سے ہوگا یہ کہ جو مانیٹر ہیں، وہ بھی گھر میں بیٹھ کے یہ نہیں کرے گا کہ جی وہ گھر میں بیٹھ کے وہ کرے گا، 'سب اچھا' کی رپورٹ نہیں دے گا، اس کی بھی مانیٹرنگ ہو گی کہ واقعی وہ گیا ہے، موقع پہ یا نہیں گیا۔ یہ ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے کافی جو ٹیچرز کی Absentee کا مسئلہ ہے، وہ کافی حد تک حل ہو جائے گا۔ ہم نے بائیو میٹرک سسٹم، اس کی ٹینڈرنگ ہو گئی، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ نے کرلی ہے یا میرے خیال میں پراسیس میں ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلدی ہمارے جتنے بھی ڈسٹرکٹ آفیسرز ہیں، ڈسٹرکٹ آفسز ہیں، ڈسٹرکٹ آفس، اور تحصیل آفس۔ تقریباً کوئی location 85 / 80 جو ہیں، اس پہ ہمارا بائیو میٹرک کا سسٹم شروع ہو جائے گا اور جتنا بھی وہاں پہ سٹاف ہے، وہ آئے گا، اس کی بائیو میٹرک سسٹم کے ذریعے Thumb verification کے ذریعے حاضریاں لگیں گی اور وہ مکمل اس کا Dash board بنے گا جو کہ سیکرٹری کے پاس اور منسٹر کے پاس آفس میں ہوگا کہ اگر کوئی چھٹیاں کرتا ہے تو اس کی بھی پوری ڈیٹیل بنے گی کہ اس بندے نے ہفتے میں، مہینے میں اتنی زیادہ چھٹیاں کرلی ہیں، وہ پوری ڈیٹیل اس کے ساتھ

ساتھ آتی رہے گی۔ پہلے مرحلے میں آفسز میں ہو گا، اس کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ ہم ورلڈ بینک کے ساتھ ایک پراجیکٹ کر رہے ہیں، ایک سو پچاس سکولوں میں، وہ سکولوں کا ہے، یہ میں نے ابھی آفسز کا بتایا ہے، ایک سو پچاس سکولوں میں سے پچاس سکولوں میں وہ Thumb verification کیلئے ہو گا، پچاس سکولوں کا Facial recognition کے ذریعے ہو گا اور پچاس سکولوں میں وہ Voice recognition کیلئے ہو رہا ہے، ایک سو پچاس سکولوں میں As pilot project سکولز میں شروع ہو گیا ہے اور یہ باقی 85 آفسز میں پورے صوبے میں شروع ہو گیا ہے۔ اس کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ باقی سکولوں میں بھی کریں گے جو ہم نے Recruitment کی School basis، اس کی بھی میں وجہ بتا دیتا ہوں کہ School basis میں Recruitment کیوں ہوئی ہے؟ پرابلم یہ مہتاب عباسی صاحب نے جس طرح ذکر کیا Political interference کا پرابلم ہے، بہت زیادہ اس میں Political interference ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں ہے، اس میں ہوتا یہ ہے کہ جب ایک پارٹی کی حکومت آتی ہے تو اس کے جو اپنے منظور نظر لوگ ہوتے ہیں، ان کو قریب سکولوں میں ٹرانسفر کر لیتے ہیں اور جو دوسری پارٹی کی حکومت ہوتی ہے تو ان کو پہاڑوں چوٹیوں پہ انکے ٹرانسفر کروا دیتے ہیں، یہ بہت بڑا ایک مسئلہ ہے اور یہ مطلب حقیقت ہے، مطلب یہ کہ کیوں ہم ایک دوسرے سے چھپائیں؟ آپ کو بھی پتہ ہو گا، ہمیں بھی پتہ ہے، مطلب یہ کہ یہ ایک حقیقت ہے، اس میں گورنمنٹ، اپوزیشن، وہ کبھی ایک گورنمنٹ میں کبھی دوسرے گورنمنٹ، اپوزیشن میں چلتا رہتا ہے لیکن ٹرانسفرز ہوتے ہیں، Political victimization ہوتی ہے۔ اس چیز کو ختم کرنے کیلئے ہم نے School basis recruitment شروع کی ہے تاکہ یہ مسئلہ نہ ہو کہ جی Political victimization ہو۔ دوسرے نمبر پہ یہ ہوتا ہے کہ ایک ٹیچر تین مہینے یہاں ہوا، چھ مہینے بعد اس کا ٹرانسفر ہو گیا، نہ آپ سکول کی Assessment کر سکتے ہیں، نہ آپ ٹیچرز کی Assessment کر سکتے ہیں کیونکہ وہ کہتا ہے کہ میں تو ابھی آیا ہوں، یہ تو مجھ سے پہلے ہوا ہے، اس کی وجہ سے بھی اس پراسیس کو ہم نے Assessment کرنے کیلئے یہ ایک Step لیا ہے کہ School basis recruitment ہو اور یہ ٹرانسفر کا مسئلہ ختم ہو جائے۔ چیف منسٹر نے مجھے بار بار کہا کہ یہ جی مکمل طور پہ یہ ٹرانسفر کا مسئلہ ختم ہونا چاہیے لیکن اس میں قانونی ایک پرابلم ہے، اس کیلئے میں آپ سے

ریکویسٹ کروں گا کہ اس میں ہم کوئی اس کا حل ڈھونڈ لیتے ہیں اور آپ لوگ مل کر اس پہ کوئی Step، اگر قانون بنانا ہو گا وہ بھی بنائیں گے کہ جی یہ ٹرانسفرز/پوسٹنگز مکمل طور پہ یا کوئی Specific period کیلئے وہ Ban ہو جائے کیونکہ یہ مسئلہ پھر نہ ہو کہ جی کبھی ایک جگہ جا رہا ہے، کبھی دوسری جگہ جا رہا ہے، تو چیف منسٹر صاحب نے کافی دفعہ کہا کہ اس کو تیز کر دیں پراسیس کو، اس میں مشاورت کریں گے آپ سے بھی اور اس کا پھر ایک لے کر آئیں قانون اور اس کو ان شاء اللہ تعالیٰ اگر آپ لوگوں کی مرضی ہوئی تو پھر اس کو اسمبلی سے پاس بھی کرائیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو روکنے کیلئے۔ اس کے علاوہ، مجھے پتہ نہیں ہے کہ ٹائم کتنا ہے؟ اگر ٹائم ہے تو میں مزید بھی بتاتا رہوں گا آپ کو، ایک جو Missing faculties ہیں سکولز میں، بہت زیادہ ہیں، میں آپ کو اگر ذکر کروں تو کبھی کبھار بہت زیادہ برا بھی لگتا ہے کہ جی ٹاٹ نہیں ہے، یہ سکولوں میں ٹاٹ نہیں ہے، تو میں یہ کلیئر کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ٹاٹ، یہ پچھلے نو مہینے میں غائب نہیں ہوئے، بہت افسوس ہوتا ہے کہ اس طرح کی چیزیں ہیں کہ ہم نے اس کی Requirement مانگی کہ جی ہم نے کرسیاں دینی ہیں کہ کم از کم سکولوں میں کرسیاں Available ہوں تو اس کیلئے ہمیں جو Requirement آئی ہے، 21لاکھ کرسیوں کی آئی ہے، 40لاکھ بچوں میں سے 21لاکھ بچوں کے پاس کرسیاں نہیں ہیں، جس کا ہم نے Estimate لگایا، سات ارب روپے کی کرسیاں بنتی ہیں، سات ارب روپے کی، میں مطلب کہتا ہوں کہ اگر ہم یہ سمجھیں کہ جی آٹھ نو مہینے میں ہم یہ سارا، تقریباً کوئی آٹھ ہزار سکول ایسے ہیں جن میں پینے کا پانی نہیں ہے، تقریباً کوئی سات آٹھ ہزار سکولز ایسے ہیں جس میں الیکٹریسٹی نہیں ہے، تقریباً کوئی آٹھ ہزار کے لگ بھگ سکولز ہیں جن کی باؤنڈری وال نہیں ہے، اب یہ سارے مسئلے ہم لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ حل کرنے ہیں لیکن ہم اگر یہ کہیں کہ یہ جی چھ مہینے میں، آٹھ مہینے میں، سال میں یہ حل ہو جائیں گے تو یہ ناممکن ہے، اس کیلئے ہم نے یہ سوچا۔ اس کے علاوہ جو ہمارا گورنمنٹ کا سسٹم ہے، وہ اس میں بجٹ میں پیسے آ رہے ہیں اور جو سسٹم چل رہا ہے Missing facilities کا Basic facilities کا۔ اس کے علاوہ ہم نے ایک ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ذریعے ٹوٹل ایک Independent board بنایا ہے اس کا اور اس میں ایسے لوگ ہوں گے ان شاء اللہ تعالیٰ جس پہ کوئی بھی اعتراض نہیں کرے گا کہ ان کی یا کوئی پولیٹیکل وہ ہو گی، Credibility ان کی ان شاء اللہ تعالیٰ Beyond doubt ہو گی اور

ہو گا اس میں یہ، وہ ہم کوشش کر رہے ہیں ان شاءاللہ تعالیٰ کہ مارچ کے مہینے میں اس کو شروع کر دیں، ہو گا اس میں یہ کہ ہمارے اپنے سکولز جو ہیں، Initiallyاس میں ایک سو پچیس سکولز ڈالیں گے ویب سائیٹ پہ کہ یہ ہمارے سکولز ہیں، ان کی یہ یہ Requirementہیں، اس سکول میں ایک کمرہ چاہیے، اس سکول میں کمپیوٹر لیب چاہیے، اس سکول میں ٹائیلٹ چاہیے، وہ ہم ایک سو پچیس سکولوں کا اس میں ڈال دیں گے ویب سائیٹ پہ اور ہم جو بھی پاکستانی، یہاں لوکل ہو یا کمپنی ہو، کوئی اور سیز پاکستانی جو اس پہ تعمیر سکول نام ہو گا اس کا اور جو اس میں Contribute کرنا چاہیں گے کہ جی For exampleچھ لاکھ کا ایک کمرہ بنتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ جی میری طرف سے چھ لاکھ کا ایک کمرہ بنا دیں اور وہ چھ لاکھ روپے دینا چاہتا ہے، وہ گورنمنٹ سسٹم میں وہ پیسے نہیں آئیں گے، وہ پیسے آئیں گے، جس طرح اس میں ہوتا ہے کہ فلاں ڈیپارٹمنٹ ہے، اس میں کرپشن ہے، اس میں کرپشن ہے، گورنمنٹ اس میں نہیں آئیں گے، وہ پیسے Spend ہوں گے انشاء اللہ تعالیٰ Parent Teacher Council کے ذریعے تاکہ اس کی Transparencyہو اور لوگوں کو یقین ہو کہ جی ہمارا پیسہ جو جا رہا ہے، وہ صحیح جگہ پہ لگ رہا ہے اور اس کیلئے ہم نے آئی ٹی فرم Hireکی ہے، پاکستان کی سب سے ٹاپ کمپنی 1977سے وہ آئی ٹی کا کام کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ جو اس کی Financial transaction جو ہو گی، جس طریقے سے Banking channelسے پیسہ آئے گا اور اس کی Verificationہو گی کہ اگر اس کے پیسے آئیں گے، اس کی تصویر لی جائے گی کہ جی اتنے پرسنٹ کام ہو گیا، اس کی تصویر لی جائے گی، وہ بھیجا جائے گا پھر بینک کو اور ڈونرز کو اور وہ ادھر Verificationکریںگے کہ ہاں جی اتنے پرسنٹ کام ہو گیا تو مزید پیسے اس کے آئیں گے اور وہ میسج، ایس ایم ایس وہ پورے Parent Teacher Councilکو جائے گا تاکہ ان کو پتہ ہو کہ اتنے پیسے آ گئے ہیں، مطلب Maximum transparency کے ذریعے، کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جس طرح شوکت خانم کا ماڈل ہمارے سامنے ہے، پولیٹکل اختلافات اپنی جگہ ہونگے لیکن اس میں ایک Transparencyہے، جتنی Transparencyہے اس میں، اتنا اس کو مزید پیسہ آتا ہے تو ان شاءاللہ تعالیٰ مجھے امید ہے کہ اگر ہم اس میں کامیاب ہو گئے اور اس کو ہم نے Transparencyدیدی تو یہ جتنے بھی یہ Missing facilitiesکے مسئلے ہیں جو پاکستان کے اندر سے، پاکستان کے باہر سے جو پاکستانی ہیں،

جو یہاں کے لوکل لوگ ہیں، وہ اگر اس کو فنڈ کرنا چاہتے ہیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ فنڈ کرینگے اور یہ ہمارا پراسیس جو ہے Missing facilities کا، کہ یہ کرسی نہیں ہے، ٹاٹ نہیں ہے، یہ نہیں ہے وہ نہیں ہے، وہ پراسیس انشاءاللہ تعالیٰ تیز ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ جو میں نے کچھ چیزیں نوٹ کی ہیں کہ کچھ عرصے میں یہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں پہلے ٹیچرز کی Recruitment ہوتی ہے، یہ پرائیویٹ سکولز کا اور اس کا موازنہ کیا جاتا ہے کہ جی پرائیویٹ سکولز کیوں اچھے ہیں اور سرکاری سکولز کیوں اچھے نہیں ہیں؟ اس میں سب سے پہلی بات ہے کہ پرائیویٹ سکولز میں Political interference نہیں ہوتی، وہاں پر ٹیچر سفارش پہ، رشوت پہ ان چیزوں پر بھرتی نہیں کیا جاتا اور دوسری بات پھر پرائیویٹ سکول میں ان کو پھر ریگولر ٹیچر ٹریننگ دی جاتی ہے، ہمارے سکولوں میں برائے نام ٹیچرز ٹریننگ ہوتی تھی، مطلب صاف بات ہے یہاں پہ کہ وہ بھیج دیئے جی نام اور کسی نے، این جی او نے وہ کر دیا، اس کو Sponser کر دیا کہ اتنے دن کی ٹریننگ ہے، وہ آکے کچھ دن لگا کر چلے گئے اور وہ کہتے ہیں کہ جی ٹیچر ٹریننگ ہو گئی، ہم نے ابھی یہ پروگرام بنایا ہے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ کوئی این جی او اپنی طرف سے ٹیچرز ٹریننگ نہیں کرے گی، ایک ٹیچرز ٹریننگ پروگرام ہو گا، اس کو جو بھی فنڈ کرنا چاہے، اسی ٹیچرز ٹریننگ پروگرام کو فنڈ کریگا تاکہ ہمیں پتہ چلے کہ جی ہمارے ٹیچرز کو کون ٹریننگ دے رہا ہے اور کیا ٹریننگ دے رہا ہے؟ یہ نہیں ہے کہ اپنی طرف سے کوئی این جی او ادھر ٹریننگ دے رہی ہے، کوئی این جی او ادھر ٹریننگ دے رہی ہے، ان شاءاللہ تعالیٰ اس طرح کا یہ سسٹم ختم ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ جو Assessment، آخری چیز، پہلے ٹیچرز کی Recruitment صحیح ہو گی، دوسرے نمبر پہ ٹیچر کی ٹریننگ، جب تک ٹیچر کی ٹریننگ صحیح نہیں ہو گی، اس وقت تک یہ تعلیم کا سسٹم ٹھیک نہیں ہو گا، اس کیلئے ہم کوشش کر رہے ہیں، 23 ہزار ٹیچرز کو ہم نے اس دفعہ Train کیا ہے، مزید بھی ان شاءاللہ تعالیٰ جتنا ٹائم گزرتا جائے گا، ڈیڑھ لاکھ ہیں، وہ سارے بھرتی ہوتے جائیں گے اور ہم نے Recruitment کا سسٹم جو ہے، وہ ہم نے اتنا Transparent رکھا ہے، اپنی طرف سے ہم نے ایک Independent جو سسٹم ہے جو پاکستان میں سب سے Credible تھا، ہم نے ان کو دیا ہے کہ جی اس طریقے سے آپ اپنی طرف سے Recruitment کریں۔ میں نے اپنی طرف سے یہ اختیار لے لیا ہے اور اس میں نہ چیف منسٹر کا، نہ منسٹرز کا، نہ ایم پی ایز کا، نہ ایم این ایز کا کسی کا عمل دخل نہیں ہے، بالکل

Independent طریقے سے ان شاءاللہ تعالیٰ اس کی Testing ہو گی اور جو قابل ہو گا، این ٹی ایس کے ذریعے جو قابل ہو گا کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم ٹیچرز کم از کم، باقی ٹھیک ہے اگر کلاس فور میں ادھر ادھر ہو بھی جاتا ہے لیکن اگر ہم ٹیچر کو رشوت پہ، اگر ہم ٹیچر کو سفارش پر بھرتی کرینگے تو یہ تیس سال کیلئے Compromise ہے کیونکہ اس کی وجہ سے اگر نالائق ٹیچر بھرتی ہوتا ہے، اس کی وجہ سے تیس سال تک وہ پھر اگر نالائق بچے آگے آتے رہیں تو یہ میرے خیال میں بہت بڑا ظلم ہے اور ان شاءاللہ تعالیٰ ایسا ظلم ہم نہیں کرینگے، بالکل کلیئر طریقے سے، Transparent طریقے سے ان کی Recruitment ہو گی ان شاءاللہ تعالیٰ۔ (تالیاں) اس کے بعد آتا ہے Suspend کا پراسیس کہ ٹیچر کی Recruitment بھی ہو گی Examination system جو ہے، Examination system میں بھی ہمیں آپ لوگوں نے سنا ہو گا، آتا ہے کہ بورڈز میں یہ ہوتا ہے، ہال خریدے جاتے ہیں، ہو سکتا ہے، یہ میں نہیں کہتا کہ کتنے پرسنٹ ہے؟ ہو سکتا ہے کم ہو، زیادہ ہو لیکن بہرحال اگر لوگ کہتے ہیں تو کچھ نہ کچھ تو ہو گا، اس کیلئے ہم نے اس دفعہ پورے بورڈز کے چیئر مین سے دو تین دفعہ میٹنگز کی ہیں اور ایک اس کی شارٹ ٹرم ہم نے ایک Remedy کی ہے، کچھ ہم نے Administrative steps اس میں لیے ہیں کہ جی اگر ایک ٹیچر کی دو دفعہ ڈیوٹی لگی تو تیسری دفعہ اس کی ڈیوٹی نہیں لگے گی، کچھ ہم نے قرعہ اندازی کے ذریعے، جتنا Maximum اس کو کنٹرول کر سکتے ہیں، ہم ان شاءاللہ جلدی سے جلدی چیف منسٹر صاحب بھی کچھ دنوں کے اندر اندر سارے بورڈز کے جتنے بھی چیئر مین ہیں، ان سے بھی میٹنگ کریں گے اور گورنمنٹ کا یہ ایک Serious وہ ان کی طرف Show کرینگے کہ جی کم از کم Examination system میں ان Halls میں ہم یہ چیز نہیں برداشت کر سکتے کہ اس میں یہ Cheating ہو اور Specially جو غریب کا بچہ ہے جو سرکاری سکول میں پڑھتا ہے، اس بیچارے کو تو ویسے بھی کچھ نہیں میسر، اگر وہ قابل ہے اور اس کا یہ ایک چانس بنتا ہے کہ وہ ایف ایس سی میں، میٹرک میں اچھے مارکس لیکر بعد میں انجنیئرنگ یا میڈیکل میں جا سکے اور امیر کا بچہ پانچ دس لاکھ روپے لگا کے اس سے وہ حق بھی چھین لے، تو ان شاءاللہ تعالیٰ میں اپنی طرف سے کوشش کرونگا کہ یہ سسٹم ہم ختم کردیں Cheating والا اور ایک Proper طریقے سے اچھے Assessment کے ذریعے اس کو کرلیں ان شاءاللہ تعالیٰ، یہ میری آپ لوگوں کو گارنٹی ہے ان شاءاللہ۔

اس کے علاوہ جو انہوں نے یونیفارم کی بات کی، سلیبس کی بات کی، جو سسٹم یہاں پر چل رہا ہے، یقیناً پرائیویٹ سکولز کا اور سرکاری سکولز کا پرابلم سلیبس کا بھی ہے لیکن میں نے آپ کو اور مسائل بتائے ہیں، گورننس کے ہیں، Political interference کے ہیں، وہ پرابلمز ہیں۔ کتاب کا دیکھیں، ابھی بھی 9^{th} کا اور 10^{th} کی فرسٹ ایئر اور سیکنڈ ایئر کی ابھی بھی کتابیں پرائیویٹ سکولز اور سرکاری سکولوں کی ایک ہی ہیں کیونکہ Exam ایک ہے، جس نے میٹرک کا Exam دینا ہوگا تو وہ تو اگر پرائیویٹ سکول میں پڑھتا ہے، وہ سرکاری سکول میں پڑھتا ہے تو Exam تو اس کا وہی میٹرک پاس کرنا ہے، تو اس کیلئے وہ کتاب وہی پڑھے گا کیونکہ اگر وہ کتاب نہیں پڑھے گا تو کیسے Exam clear کریگا؟ تو پرابلم اس کا نہیں ہے، پرابلم جو ہے اصل میں یہ باقی Administrative مسئلہ ہے اور جو ہم نے یہاں پر انگلش میڈیم کی بات کی، میں بھی یہ سمجھتا ہوں کہ انگلش ایک زبان ہے، یہ ہم نہیں کہہ سکتے، مجھے بھی یہ پتہ ہے کہ اگر باہر کے ملک میں کوئی بچہ بھی انگریزی بول رہا ہو تو یہ نہیں کہ وہ بہت قابل ہے اور ہمارے کسی بڑے کو انگریزی نہیں آتی تو یہ نالائق ہے اور وہ لائق ہے لیکن پرابلم یہ تھا کہ ہم اس سسٹم کو ایک کرنا چاہتے تھے، سسٹم کو ایک کرنا چاہتے تھے کہ جو سرکاری سکولوں میں بچے پڑھتے ہیں، کل کو انہوں نے آئی ایس ایس بی کرنی ہے جو ایک ہی ہوگی، کل کو انہوں نے ملٹی نیشنل میں جاب کرنی ہے جو کہ ایک ہی ہوگی، کل انہوں نے پروفیشنل کالجز میں جانا ہے جو ایک ہی ہوگا تو اس کیلئے ہم نے صرف اس کو، ہمیں یہ پتہ ہے، ہم کلیئر ہیں اس پہ کہ انگریزی ایک زبان ہے، وہ کوئی لائقی اور نالائقی کا پیمانہ نہیں ہے لیکن آگے Higher studies میں جنہوں نے جانا ہوگا تو اس کی وجہ سے یہ ہم اس میں ایک Change لائے ہیں اور یہ بھی ہمیں پتہ ہے کہ اگر ایک ٹیچر نے یا بچے نے ساری عمر کلاس ٹو میں، تھری میں، فور میں، فائیو میں اردو میں پڑھا ہے تو ایک دم سے 9^{th} میں 10^{th} میں آپ انگلش میں پڑھائیں گے تو وہ نہیں سمجھ میں آئے گا، تو اس وجہ سے ہم نے اس کو Phase wise کیا ہے، یہ صرف ہم نے کلاس ون سے سٹارٹ لیا ہے اور جیسے جیسے ہر سال ٹیچرز Train ہوتے جائیں گے اور بچے Train ہوتے جائیں گے تو یہ ہر سال اوپر جاتا رہے گا ان شاءاللہ تعالیٰ۔ آخر میں اگر ٹائم ہے تو میں مزید بھی۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کافی ہے۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اچھا۔ ابھی آخر میں میں آپ لوگوں سے ایک ریکویسٹ کرونگا، یہ جتنے بھی میرے یہاں پہ Colleagues بیٹھے ہوئے ہیں، اس سائڈ پہ ہیں یا اس سائیڈ پہ ہیں، جو انہوں نے بھی بات کی کہ جی Political interference، اس کا سب سے بڑا Victim میں ہوتا ہوں، مجھے پتہ ہے کہ سب سے زیادہ پریشر میرے اوپر آتا ہے، ہم نے 605 ٹیچرز کے خلاف ایکشن لیا، ان کو نوکری سے کسی کو نکالا، کوئی جبری ریٹائر کیا ہے، کوئی کیا ہے، ان کی بھی دونوں سائڈ سے سفارش آجاتی ہے کہ خیر ہے جی ان کے ساتھ گزارہ کرلیں، تو یہ میری آپ لوگوں سے ریکویسٹ ہوگی کہ یہ جتنے بھی ہمارے یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، کم از کم یہ قوم کے مستقبل کیلئے اس چیز کو ہم ایک اپنا مقصد سمجھیں اور اس میں وہ نہ کریں کہ اس میں کم از کم یہ Political interference اور یہ سفارشیں، یہ ان شاءاللہ تعالیٰ اگر ختم ہوگئیں تو میں یقین دلاتا ہوں کہ یہ سسٹم ٹھیک ہو سکتا ہے۔ یہ ہم یہاں پر جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، ہم ان شاءاللہ تعالیٰ اس کو ٹھیک کر سکتے ہیں لیکن اس کیلئے اکیلے میں نہیں کر سکتا، میرے ساتھ میرے یہ جو جتنے یہاں پر دوست بیٹھے ہوئے ہیں، جتنے یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، آپ لوگوں کا کوآپریشن مجھے چاہیے ہوگا کہ اس میں Political interference جب تک ختم نہیں ہوگی، اس وقت تک یہ مسئلے حل نہیں ہونگے اور آخری بات میں یہ کہونگا کہ ہم جتنے بھی یہاں پر ہیں، ہم یہ محکمہ تعلیم کو تعلیم کا محکمہ سمجھیں کہ جی یہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے ایجوکیشن دینی ہے، اس نے Employment نہیں دینی تو اگر اس طریقے سے ہم یہ سوچیں کہ جی اس کو ہم بہتر کریں، بجائے اس کے کہ ہم کہیں کہ جی زیادہ سے زیادہ نوکری میرے حلقے میں دیدو، زیادہ سے زیادہ نوکریاں ہم لوگوں کو دیدیں تو محکمہ تعلیم کا کام تعلیم دینا ہے اور اگر روزگار ہے تو باقی بہت چیزوں میں ہو سکتا ہے، میرے خیال میں اگر اس میں Compromise نہ کریں اور ہم لوگ یہ کمٹمنٹ کرلیں کہ Political interference اس میں سے ختم کردینگے تو ان شاءاللہ تعالیٰ یہ مسئلہ ٹھیک ہو سکتا ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you ji. The sitting is adjourned till 03:00 pm. of tomorrow afternoon.

(اجلاس کل بروز منگل مورخہ 04 مارچ 2014ء بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)